شفیق فاروقی

دارالعلوم کے

شب و روز



مجلسِ شوریٰ دارالعلوم حقانیہ کا بجٹ اجلاس

دارالعلوم حقانیہ کے بجٹ اجلاس میں
ساڑھے بارہ لاکھ روپے میزانیہ کی منظوری

دارالعلوم حقانیہ کی مجلسِ شوریٰ کا سالانہ اجلاس آج یہاں دارالعلوم کے لائبریری ہال میں زیرِ صدارت حضرت مولانا قاری محمد امین صاحب راولپنڈی منعقد ہوا جس میں ملک کے دور دراز حصوں سے دارالعلوم کے ارکان نے شرکت کی۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب مہتمم دارالعلوم حقانیہ کی علالت کی وجہ سے حسبِ سابق مولانا سمیع الحق صاحب نے بجٹ پیش کیا جس میں دارالعلوم کے تمام شعبوں کی کارگزاری اور آمد و خرچ پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی تھی۔ مولانا سمیع الحق نے سالِ رواں کے اخراجات کیلئے بارہ لاکھ ترپن ہزار پانچسو پچاس روپے کا میزانیہ پیش کیا (جو الگ صفحہ پر منسلک ہے) انہوں نے کہا کہ سال گذشتہ دارالعلوم کی مختلف مدات پر گیارہ لاکھ اناسی ہزار ایک سو اناسی روپے بارہ پیسے خرچ ہوئے۔ بجٹ اجلاس میں ارکان نے دارالعلوم کی ترقیاتی سکیموں پر کھل کر اظہارِ خیال کیا۔ دارالعلوم کے مثالی اور متوازن بجٹ کو سراہا۔

اجلاس نے ملک و ملت کے مشاہیر علم و فضل دارالعلوم کے بعض اساتذہ و ارکان کی وفات پر اظہارِ تعزیت کیا۔ اور اس ضمن میں قاری محمد طیب قاسمی، علامہ شمس الحق افغانی، مولانا عبدالحلیم صدر مدرس دارالعلوم، مولانا مصطفیٰ احسن مدرس دارالعلوم، مولانا عبدالقیوم پوپلزئی، مولانا عبدالواحد گوجرانوالہ، مولانا حافظ نور محمد صاحب تلہ گنگ، مولانا دوست محمد مردان، حاجی رحمان الدین اکوڑہ خٹک رکن دارالعلوم، میاں مراد گل کاکاخیل رکن دارالعلوم محمد نواز خان خٹک شہید اور دیگر حضرات کے حق میں دعائے مغفرت کی۔ اجلاس میں حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ کی صحتِ کاملہ کیلئے دعا کی گئی جو پچھلے دو ہفتوں سے خیبر ہسپتال پشاور میں زیرِ علاج ہیں۔

شیخ الحدیث کی علالت

شیخ الحدیث مدظلہ نے تعلیمی سال کے آغاز میں اسباق شروع کئے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پڑھاتے رہے مگر اچانک طبیعت زیادہ خراب ہوئی ۱۸ ذی قعدہ کو ڈاکٹروں کے مشورہ سے انہیں خیبر ہسپتال میں داخل ہونا پڑا جہاں وہ ایک مرتبہ قلب کا دورہ بھی پڑا تادمِ تحریر (۷ ذی الحجہ) آپ ہسپتال ہی میں زیرِ علاج ہیں اور طبیعت بحمداللہ اب کافی بہتر ہے۔ تمام حضرات سے صحتِ کلی اور شفائے عاجلہ کی درخواست ہے۔